# 4337 ـ نماز میں عربی زبان کے علاوہ کسی اور زبان میں دعاء کرنا

**سوال**

میں عربی بات چیت نہیں کرسکتا، اور نماز میں دعاء کرنا چاہتا ہوں، مثلا تھجد کی نماز میں سجدہ کے دوران لھذا کیا جب تك میں عربی نہیں سیکھ لیتا میرے لیے اپنی مادری زبان میں دوران سجدہ دعاء کرنا جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جی ہاں جو شخص عربی نہیں بول سکتا اس کے لیے عربی کے بغیر دعاء کرنا جائز ہے، لیکن مسلمان شخص کو چاہیے کہ وہ جتنی جلدی ہو سکے اتنی عربی ضرور سیکھے جس سے اس کی عبادت صحیح ہو سکے.